سوز دروں' حمیرا عبید الرحمٰن۔ ناشر: مکتبہ الہدیٰ' ڈبائی منزل' ۷۷-۵-اے' بلاک جے' نارتھ ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۱۴۷۔ قیمت: ۶۶ روپے۔

اس مجموعے میں کئی طرح کی تحریریں شامل ہیں: افسانہ' انشائیہ' شخصیہ اور معاشرتی و دعوتی مضمون وغیرہ۔ یہ سب تحریریں اخلاقی اور اصلاحی رنگ لیے ہوئے ہیں اور ''مقصدیت سے معمور'' ہیں۔ تقدیم از ڈاکٹر اسرار احمد جملہ تحریریں ایک تعمیری' دینی اور تحریکی ذہن کی تخلیق ہیں' اور ان کا اسلوب سادہ اور پُرتاثیر ہے۔

حمیرا عبدالرحمٰن (بنت قاضی عبدالقادر) وقتاً فوقتاً جو کچھ لکھتی رہی ہیں' اُسے ان کے والد محترم نے جمع کر کے چھپوا دیا ہے تاکہ بیٹی کو ''سرپرائز'' دیا جا سکے۔ کتاب کا دیباچہ عائشہ منور صاحبہ کے قلم سے ہے' جنھوں نے بتایا ہے کہ یہ تحریریں حمیرا کے دورِ طالب علمی کی ہیں۔ ان کے بقول ''حمیرا کو قدرت نے دردمند دل اور شعور کشا ذہن عطا کیا ہے اور مشاہدے اور مطالعے نے [ان] تحریروں میں ایک وقار پیدا کیا ہے''۔

کتاب خوب صورت چھپی ہے۔ اہتمام اشاعت نور اسلام اکیڈمی ماڈل ٹاؤن' لاہور نے کیا ہے۔ (ر-ہ)

لغات النخواتین' عورتوں کے محاورے اور روز مرہ' سید احمد علی اشہری۔ ناشر: دارالتذکیر' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۲۶۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

یہ تقریباً ایک سو سال پرانا لغت ہے' جسے ممتاز ماہر لغت جناب محمد احسن خاں کی نظرثانی کے بعد دوبارہ شائع کیا گیا ہے۔ اس میں عورتوں کے محاورے اور روز مرہ جمع کیے گئے ہیں اور ان کے معانی کے ساتھ جملوں میں ان کا استعمال بھی اس طرح کیا گیا ہے کہ مفہوم پوری طرح واضح ہو جاتا ہے۔

زیرنظر ایڈیشن میں یہ نہیں بتایا گیا کہ نظرثانی میں کچھ اضافہ بھی کیا گیا ہے یا نہیں۔ ابتدا میں ایک مختصر مقدمے کی کمی محسوس ہوتی ہے' جس میں اس لغت کے مصنف کا مختصر تعارف دیا جاتا